# MARKING SCHEME ISLAMIAT COMPULSORY MODEL PAPER CLASS 9TH

## SCORING KEYS SECTION: A (MCQs)

**Marks:** 10

| S# | KEY | ANSWER |
|---|---|---|
| 1 | B | دل میں خوفِ خدا رکھتے ہیں |
| 2 | A | 1000 |
| 3 | C | پانچواں |
| 4 | B | واقعہ ہجرت |
| 5 | D | لگاتار آنے والے |
| 6 | A | قیدی |
| 7 | C | غزوہ بدر کا دن |
| 8 | A | الاستغفار |
| 9 | B | صاف ستھرا رہنے کی |
| 10 | D | 7 ستمبر 1974 |

# RUBRICS

## SECTION-B

### سوال نمبر2

**1 ۔ایک صفت لکھنے کا ایک نمبر کوئی سی چار صفات لکھنے پر چار نمبر ۔** کل نمبر4

1۔جب ان کے سامنے اللہ کا ذکر ہوتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں

2۔جب ان کے سامنے آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو ان کا ایمان زیادہ ہو جاتا ہے۔

3۔اپنے اللہ پر توکل کرتے ہیں۔

4۔نماز قائم کرتے ہیں۔

5۔اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے خرچ کرتے ہیں۔

**2۔انفال کا مطلب لکھنے کا ایک نمبر۔ایک وعدہ لکھنے کا ایک نمبر۔** کل نمبر4

1۔انفال کا مطلب ہے مالِ غنیمت

2۔اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے بڑے بڑے درجے ہیں

3۔ان کے لئے بخشش ہے

4۔ان کے لئے عزت کی روزی ہے۔

**3۔ترجمہ لکھنے کے 2 نمبر،ایک انعام لکھنے کا ایک نمبر۔** کل نمبر4

1۔ترجمہ:مومنو۔اگر تم خدا سے ڈرو گے تو

تمہارے لئے امر فارق پیدا کر دے گا

اور تمارے گناہ مٹا دے گا اور تمہیں بخش

دے گا

2۔اللہ ممتاز کر دے گا

3۔گناہ مٹا دے گا۔

**4۔۔مومنوں آپس میں رفیق ہونے کی ایک بات کا 1 نمبر،کل چار باتیں درکار ہیں۔** کل نمبر4

1۔ایمان لانا

2۔ہجرت کرنا

3۔اللہ کے راستے میں جان اور مال سے جہاد کرنا

4۔انصار کی مدد کرنا اور ٹھکانہ دینا

**5۔ترجمہ 2 نمبر۔ایک ذمہ داری لکھنے پر 1 نمبر۔** کل نمبر4

تم میں سے ہر ایک نگران / نگہبان ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ 2نمبر

گھر کے سربراہ کی ذمہ داریاں 1.نان ونفقہ کا انتظام کرنا2. تعلیم و تربیت کا انتظام کرنا3.گھر کے افراد کو نماز کا حکم دینا4.اپنے اہل وعیال کو برائی سے روکنا

**6۔ترجمہ لکھنے کے 3 نمبر۔مہیمن کا مطلب لکھنے کا 1 نمبر۔** کل نمبر4

| |
|---|
| 1۔ترجمہ:اور(اے پیغمبر)ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے =1 نمبر جو اپنے سے پہلے کتابوں کی تصدیق کرتی ہے = 1 نمبر اور ان پر نگہبان ہے۔=1 نمبر |
| 2۔مہیمن کا مطلب ہے پچھلی کتابوں کی تعلیمات جو محفوظ نہ رہ سکیں ان کو بھی قرآن نے محفوظ کر دیا ہے۔ =1 نمبر |

7۔ترجمہ لکھنے کے 2 نمبر۔تشریح لکھنے کے 2 نمبر۔ کل نمبر4

| |
|---|
| 1۔ترجمہ: بلاشبہ یہ ذکر ہم نے نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔ =2نمبر<br>2۔ قرآن مجید کی حفاظت اللہ تعالیٰ کر رہا ہے۔ = 1 نمبر<br>3- قرآن مجید آخری آسمانی کتاب ہے۔اس کے بعد کوئی کتاب نازل نہیں ہو گی۔=1 نمبر |

8۔ایک سنت لکھنے کا ایک نمبر۔ کل نمبر4

| |
|---|
| 1۔نہانے سے پہلے جسم کا جو حصہ ناپاک ہے اسے دھونا۔<br>2۔ تین بار کلی کرنا کہ پانی حلق تک پہنچے<br>3-ناک میں تین بار پانی ڈالنا<br>4۔مکمل وضو کرنا جیسے نماز کے لیے وضو کیا جاتا ہے۔<br>5-دائیں کندھے پر پہلے پانی ڈالنا پھر بائیں کندھے پر پانی ڈالنا<br>6-پورے جسم پر اس طرح پانی بہانا کہ پورے جسم کی کوئی جگہ خشک نہ رہے- |

## SECTION-C

کل نمبر16

سوال نمبر2 کل نمبر8

| |
|---|
| الف)<br>1۔غزوہ بدر کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔<br>2۔مسلمانوں پر نیند کی سی کیفیت طاری کر دی گئی۔<br>3۔آسمان سے پانی اُتارا گیا یعنی رات کو خوب بارش ہوئی-<br>4۔شیطانی نجاست کو دور کر دیا گیا۔<br>5۔دِلوں کو مضبوط کر دیا گیا یعنی دِلوں سے کفار کا خوف نکال دیا گیا۔<br>6۔مسلمانوں کو ثابت قدمی عطا کی گئی۔<br>ب)<br>1۔حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔<br>آپ ﷺ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔<br>2۔جو شخص آخری نبی حضرت محمد ﷺ کے خاتم النبیین ہونے پر قطعی اور غیر مشروط طور<br>پر ایمان نہیں رکھتا، جو حضرت محمد ﷺ کے بعد کسی بھی مفہوم میں یا کسی بھی قسم کا نبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے<br>یا کسی ایسے مدعی کو نبی یا دینی مصلح تسلیم کرتا ہے، وہ آئین پاکستان کے تحت مسلمان نہیں ہے۔ |

سوال نمبر3۔ کل نمبر8

| |
|---|
| الف)ترجمہ: یقیناً مومنوں میں سے کامل ترین ایمان والا وہ ہے جو ان میں اخلاق کے لحاظ سے سب سے اچھا ہے۔=2نمبر<br>نبی کریم ﷺ کے حسن اخلاق کا کوئی بھی واقعہ لکھنے پر2نمبر<br>بلکہ دشمنوں کے دلوں میں بھی گھر کیا جا سکتا ہے۔حسن خلق دراصل روزمرہ کی زندگی میں اللہ، اس کے رسول ﷺ<br>ب) چہرے کو دھونا، کہنیوں سمیت ہاتھوں کو دھونا، سر کا مسح کرنا، ٹخنوں سمیت پاؤں دھونا |

سوال نمبر 4۔ کل نمبر 8

| |
|---|
| ترجمہ: جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا، اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے عافیت کا ایک دروازہ کھول دیا۔ =2 نمبر |
| نبی اکرم ﷺ محسن انسانیت ہیں، آپ ﷺ نے بنی نوع انسان کو دنیا اور آخرت میں کامیابی کی راہ دکھائی |
| ان کے احسانات کا تقاضا ہے کہ ان کی تعلیمات پر عمل کیا جائے اور محبت کے طور پر درود و سلام بھیجا جائے۔ =2 نمبر |
| آیت کا ترجمہ: |
| 1۔ نبی اکرم ﷺ مومنون کے لئے ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ محبوب ہیں (ایک آیت کا ترجمہ لکھنے پر 2 نمبر) |
| 2۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرتے رہو |
| حدیث کا ترجمہ: |
| 1۔ تم میں سے کوئی اُس وقت تک کامل ایمان والا نہیں ہو سکتا جب تک میں اسے ماں باپ، اولاد (ایک حدیث کا ترجمہ لکھنے پر 2 نمبر) |
| اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ بن جاوں۔ |
| 2۔ تم میں سے کوئی اس وقت تک ایمان والا نہیں ہو سکتا جب تک اس کی خواہشات ان احکام کے تابع نہ ہو |
| جائیں جو میں لایا ہوں |